جامعہ سلفیہ کا اعزاز

نہایت مسرت اور خوشی کے ساتھ یہ اعلان کیا جاتا ہے کہ **وفاق المدارس السلفیہ پاکستان** کے سالانہ امتحانات منعقدہ ماہ شعبان 1426ھ میں جامعہ سلفیہ فیصل آباد کے طلبہ نے امتیازی پوزیشنیں حاصل کی ہیں جن کی تفصیل درج ذیل ہے:

شهادة العالمیه (ایم۔اے) میں نمایاں پوزیشن

(1)	عطاء الرحمٰن ولد حافظ عبدالرحمٰن	% 90.9	اول
(2)	محمد ہاشم ولد محمد نذیر احمد	% 82.5	دوم

ثانویہ خاصہ (ایف۔اے)

(1)	حافظ رضوان عبداللہ ولد حفیظ اللہ	% 84.9	دوم

ثانویہ عامہ (میٹرک)

(1)	عارف مجید ولد عبدالمجید	% 80.3	اول

ہم درج بالا تمام طلبہ کو مبارکباد پیش کرتے ہیں اور امید کرتے ہیں کہ یہ طلبہ آئندہ بھی محنت اور لگن سے پڑھیں گے اور جامعہ کا نام روشن کریں گے۔

(ادارہ)

دینی مدارس کے درمیان مقابلہ حسن قرأت

جامعہ کے طالبعلم عبدالقادر بن محمد جاوید اقبال نے اول پوزیشن حاصل کی۔

جامعہ کے معاونین اور متعلقین کو نہایت مسرت و انبساط کے ساتھ یہ خبر دی جاتی ہے کہ جامعہ مسجد آمنہ دارالاحسان ملت ٹاؤن میں دینی مدارس کے مابین مقابلہ حسن قرأت منعقد ہوا۔ مقابلے میں طلبہ کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔ منصفین کے فیصلے کے مطابق جامعہ سلفیہ فیصل آباد کے طالب علم عبدالقادر بن محمد جاوید اقبال نے اول پوزیشن حاصل کی جبکہ سمیع اللہ بن قاری عطاء اللہ کو حوصلہ افزائی کا انعام ملا۔ ادارہ ان طلبہ کو اس اعزاز پر مبارکباد پیش کرتا ہے۔

(ادارہ)

قارئین توجہ فرمائیں

جن احباب کا سالانہ زرتعاون ختم ہو چکا ہے ان کے مجلّہ میں مخصوص دائرے میں سرخ نشان سے نشاندہی کی جارہی ہے وہ احباب اولین فرصت میں سالانہ زرتعاون مبلغ 150 روپے بذریعہ منی آرڈر ارسال فرمائیں۔ بصورت دیگر آئندہ ماہ سے ان کے نام مجلّہ بند کرنے پر ادارہ مجبور ہوگا۔

(ادارہ)

مولانا اشتیاق حسین رحلت فرماگئے

یہ خبر تمام جماعتی حلقوں میں نہایت دکھ اور افسوس کے ساتھ سنی گئی کہ مولانا اشتیاق حسین 3 اپریل کو ٹوبہ ٹیک سنگھ میں بس کے حادثے میں رحلت فرماگئے۔ اناللہ وانا الیہ راجعون

آپ نے گذشتہ سال جامعہ سلفیہ سے فراغت پائی تھی۔ مختلف مقامات پر خطبہ جمعہ ارشاد فرماتے رہے۔ اب حال ہی میں مرکزی جمعیت اہلحدیث کے زیر اہتمام مبلغین کی جماعت میں شامل ہوئے اور شورکوٹ میں دعوتی و تبلیغی ذمہ داریاں ادا کرنے لگے۔ بہت اچھے خطیب اور مقرر تھے۔ کتاب وسنت کی روشنی میں مدلل گفتگو کرتے بہت ملنسار خلیق اور خوش مزاج تھے۔ آپ نے 25 سال عمر پائی۔

آپ کی نماز جنازہ ممتاز عالم دین حافظ مسعود عالم نے بڑی رقت کے ساتھ پڑھائی۔ جس میں جامعہ سلفیہ کے شیخ الحدیث مولانا عبدالعزیز علوی، ناظم وفاق المدارس مولانا محمد یونس، پرنسپل جامعہ سلفیہ چودھری یاسین ظفر، مولانا محمد داؤد، مولانا ناصر محمود ناظم جامعہ تعلیم الاسلام مولانا عبدالرشید حجازی، مولانا مفتی محمد اسلم، مولانا عبدالقہار برق التوحیدی، مولانا محمد یونس، مولانا محمد یوسف (مرحوم کے سسر) کے علاوہ طلبہ جامعہ سلفیہ اور لوگوں کی بڑی تعداد جنازہ میں شریک ہوئی اور مقامی قبرستان میں سپرد خاک کر دیا گیا۔ دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ انہیں جنت الفردوس میں جگہ نصیب فرمائے اور لواحقین کو صبر جمیل سے نوازے۔

(ادارہ)

قاری شمشاد حسین ندیم کیلئے دعائے صحت

جماعت کے معروف قاری واستاد جناب قاری شمشاد حسین ندیم فاضل جامعہ سلفیہ فیصل آباد ان دنوں شدید بیمار ہیں اور عرصہ ڈیڑھ ماہ سے بیہوش ہیں۔ بھکر سول ہسپتال میں زیر علاج ہیں۔ قارئین سے درخواست ہے کہ وہ قاری صاحب کی صحت کیلئے خصوصی دعا فرمائیں۔ اللہ تعالیٰ انہیں شفا عطا فرمائے تاکہ وہ مزید دین حقہ کی خدمت کرسکیں۔

(ادارہ)